اسلام کا تعارف، قرآن و حدیث کی روشنی میں ؛

تعارف اسلام ؛

اسلام اللہ تعالی کی طرف انسانیت کے لئے آخری دین ہے جو حضرت محمد ﷺ کے ذریعے ہم تک پہنچا۔ اللہ تعالی نے تکمیل دین اسلام کے بعد تمام آنے والے انسانوں کے لیئے یہ فرض کر دیا کہ جو کوئی اللہ کی رضا اور خوشنودی کو حاصل کرنے کا خواہشمند ہو اسے دین اسلام میں داخل ہو۔ اسلام قیامت تک آنے والے تمام انسانوں کی رہنمائی کا مکمل ذریعہ ہے۔ یہ سیاسی، اجتماعی، معاشی و معاشرتی، غرض ہر پہلو میں انسانوں کو رہنمائی دیتا ہے۔ ارشاد باری تعالی ہے :

" اور دین تو اللہ کے نزدیک صرف اسلام ہے۔" (آل عمران ١٩)

اللہ تعالی نے اسلام سے پہلے بھی کئی پیغمبروں ~~اور رسول~~ کے ذریعے دیگر دین نازل کیئے مگر وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ لوگوں نے پہلے آئے ادیان میں من چاہی تبدیلیاں کرلیں اور وہ ادیان اپنی اصلی تعلیمات کو محفوظ نہ رکھ سکے۔ اس لیئے اللہ تعالی نے اسلام کو تمام انسانیت کے لیئے آخری دین قرار دیا اور اس کی حفاظت اپنے ذمہ لی۔ یہی وجہ ہے کہ ١٤٠٠ سال گزرنے کے بعد بھی قرآن اپنی اصل حالت میں موجود ہے اور اللہ تعالی کی تعلیمات میں ذرہ برابر بھی تبدیلی نہیں آئی۔ ارشاد باری تعالی ہے ؛

" یہ قرآن ہم نے اتارا ہے اور اس کے نگہبان ہم خود ہیں۔"

معنی اسلام:-

اسلام کے لغوی معنی "سپرد کرنا" اور "امن و سلامتی" کے ہیں۔ اصطلاحی اعتبار سے اسلام کے معنی ہیں "اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپ پر نازل کیئے گئے احکامات کا حق تسلیم کرنا اور ان پر عمل کرنا ہے۔" اسلام سے مراد ہے دل و جان سے اللہ کے احکامات کو تسلیم کرنا اور ان پر عمل کرنا۔

تعارف اسلام - قرآن کی روشنی میں:-

اسلام سے قبل انسانوں کی رہنمائی کی خاطر اللہ تعالیٰ نے دیگر دین بھی نازل فرمائے اور اسکی تعلیمات انسانوں تک پہنچانے کے لیئے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر بھی بھیجے۔ مگر وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ وہ ادیان اپنی نازل کردہ حالت میں نہ رہ سکے اور طاقتور اور اثر و رسوخ والے لوگوں نے اپنے فوائد اور مفاد کے لیئے دینی تعلیمات میں تبدیلیاں کر دی۔ مگر اللہ تعالیٰ نے رسول ﷺ کے ذریعے اسلام کو آخری دین کے طور پر نازل فرمایا اور اسکی حفاظت کا ذمہ بھی خود لیا۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:- "اور یہ قرآن ہم نے اتارا ہے اور ہم ہی اس کے نگہبان ہیں۔"

آمدِ اسلام کے بعد، اللہ تعالیٰ نے اسلام کو ہی دین حق اور آخری دین قرار دیا اور اس سے پہلے تمام ادیان کی نفی کر دی۔ اس کو قرآن مجید میں یوں بیان کیا گیا ہے:

"اور دین تو اللہ کے نزدیک صرف اسلام ہی ہے۔" (آل عمران، ۱۹)

ایک اور ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"اور جو کوئی اسلام کے علاوہ دین کو چاہے گا تو وہ اس سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا اور وہ آخرت میں نقصان اٹھانے والوں میں

CamScanner

سے ہو گا۔" (آل عمران ۔ 85)

اسلام - احادیث کی روشنی میں:۔

اسلام محض عبادات اور تعلیمات کا مجموعہ ہی نہیں بلکہ انفرادی و اجتماعی زندگی کا مکمل ضابطۂ حیات ہے۔ چونکہ اسلام قیامت تک آنے والوں کے لیۓ رہنمائی کا ذریعہ ہے، اس لیئے آپؐ کو ان تعلیمات اور عبادت کا عملی نمونہ بنا کر بھیجا گیا۔ آپؐ نے اللہ اور اسلام کی تعلیمات کو عملی طور پر کر کے دکھایا۔ آپؐ نے کئی مواقع پر حقیقی مسلمان و مومن کی خصوصیات اور آپسی تعلقات کو بہتر بنانے کے لیئے کئی احادیث بیان کی کیونکہ معاشرتی تعلقات کی بہتری اور فروغ میں اسلامی تعلیمات کا اہم جزو ہے۔ ~~اسی~~

حدیث مبارکہ ہے:

"آپؐ نے فرمایا کہ مسلمان تو وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرا مسلمان محفوظ ہو۔" (مسلم)

اسی طرح ایک موقع پر آپؐ نے مسلمان اور مومن کی خصوصیات کچھ اس طریقے میں بیان فرمائی:

"اور مسلمان تو وہ ہے جس کے ہاتھ و زبان سے دوسرا مسلمان محفوظ ہو اور مومن وہ ہے جس سے لوگوں کو اپنے جان و مال پر تحفظ ہو۔" (النسائی)

حضرت محمدؐ نے باہمی بھائی چارے، اخوت و محبت اور اخلاص کو بھی ~~افضل~~ مسلمان کی خوبیوں میں قرار دیتے ہوۓ فرمایا:

"جو کوئی کسی دوسرے کی مدد کرے گا، اللہ اس کی مدد کرتا ہے۔ جو کسی دوسرے کی مشکل آسان کرتا ہے، اللہ اس کی آخرت کی مشکلوں میں سے مشکل آسان کرتا ہے اور جو کوئی کسی دوسرے کا پردہ

دیکھتا ہے، اللہ تعالیٰ آخرت میں اس کا پردہ ڈھکے گا۔" (ترمذی)

اسی طرح آپ نے یہ ~~نصیحت~~ نصیحت بھی کی کہ دوسروں کی مدد کرو، خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم۔ آپ نے فرمایا، "دوسرے کی مدد کرو، خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم"۔ تو ایک شخص نے سوال کیا کہ مظلوم ہو تو اس کی مدد کروں، اگر ظالم ہو تو اس کی مدد کیسے کروں؟ تو آپ نے فرمایا، "اسے ظلم سے روک دو، یہ بھی اس کی مدد ہے۔" (بخاری)

اسی طرح آپ نے فرمایا، "ایک مسلمان کے دوسرے پر چھ حقوق ہیں۔ جب اسے ملے تو سلام کہے، ضرورت میں مدد کرے، مشورہ مانگے تو اچھا مشورہ دے، چھینک آئے تو جواب دے، بیمار ہو تو اس کی عیادت کرے اور وفات پا جائے تو جنازہ میں شامل ہو۔" (مسلم)

قرآن و حدیث کی روشنی میں یہ واضح ہوتا ہے کہ دین اسلام ہی قیامت تک آخر دور کے مسلمانوں کے لیے دین حق ہے۔ یہ ایک مکمل اور جامع دین ہے جس کی عملی پیروی آپ نے کر کے دکھا دی۔ انسانی زندگی کے تمام انفرادی و اجتماعی، سیاسی و معاشرتی مسائل کو بخوبی بیان اور حل کرتا ہے اور ہر پہلو میں انسانوں کی رہنمائی کرتا ہے۔

CS CamScanner